Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | بدھ 23 ستمبر 2026ء، 10 ربیع الثانی 1448ھ، صفحات 4، قیمت 5 روپے | شمارہ 182

وزیراعظم کا جماعت اسلامی کا لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کرنے کا اعلان ٹیلی فون

وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کرتے ہیں، ملک میں احتجاج، 42 شہروں میں دھرنے جاری

پٹرول قیمت اور ٹیکس وصول کر کے حکومت کرپشن چھپاتی ہے، لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہونگے، امیر جماعت اسلامی



راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل دفاع وقومی سلامتی ملاقات کررہے ہیں

ملتان (آئی این پی) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دیا ہے جبکہ احتجاج جاری رہے گا۔ ملتان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے بنیادی مسائل پر بات کرتی ہے، پٹرول کی قیمت اور ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی کرپشن چھپاتی ہے، ملک کے 42 شہروں میں دھرنے جاری ہیں، حافظ نعیم نے کہا کہ حکومت کو تحریری طور پر لیوی ختم کرنے کا کہا لیکن جواب نفی میں ملا، کئی مذاکراتی ملاقاتیں ہو چکی ہیں، کراچی سے روہڑی اور روہڑی سے ملتان تک ٹرین مارچ شروع کیا، عوامی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

چیف آف ڈیفنس فورسز کی فارمیشنز کو ہمہ وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت

فیلڈ مارشل قوم کی حمایت سے دہشتگردی کو شکست دینے کیلئے پُرعزم ہیں، قومی یکجہتی کو سلام پیش کرتے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل دفاع وقومی سلامتی کی ملاقات، علاقائی سلامتی وسیکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون تبادلہ خیال، پاکستان کی کوششوں کا اعتراف

چیف آف ڈیفنس فورسز مارشل کا کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ، نیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، گفتگو

سفارتی ویزہ کاری پاسپورٹ کے حامل افراد کیلئے ویزا کی شرط ختم پاکستان سعودیہ کا معاہدہ پر دستخط

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان میں ملاقات، ویزا فری سہولت کا معاہدہ طے پایا

ویزا شرط ختم کرنے کے معاہدے پر دستخط کر کے خوشی ہوئی، اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی، اسحاق ڈار

نیویارک (صباح نیوز) پاکستان اور سعودی عرب نے سفارتی، سرکاری اور خصوصی پاسپورٹ رکھنے والے افراد کے لیے ویزا کی شرط ختم کرنے کے معاہدے پر دستخط کر دیے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط اور سرکاری وفود کی آمدورفت مزید آسان ہو جائے گی۔ اے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک قائمہ یقینی موسمیاتی تبدیلی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

2.1 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان، مذاکرات میں بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف زیر بحث آئیں گے

پانچ بیں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) قرض پروگرام کی اگلی قسط کے حصول کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان ہے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کیلئے بات چیت 2 ہفتے جاری رہے گی، مالی مالیاتی ادارے کے مشن کی جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی۔ آئی ایم ایف سے اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرے گا، مذاکرات میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بھی بات چیت ہوگی۔ مذاکرات میں بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف زیر بحث آئیں گے۔ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 2.1 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

جعلی رسیدوں اور غیر شفاف ریکارڈ کے ذریعے ٹیکس میں خرد برد کیخلاف پنجاب ریونیو اتھارٹی متحرک

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے جعلی رسیدوں، غیر شفاف ریکارڈ اور ٹیکس وصولی میں بے قاعدگیوں کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ کار وسیع کر دیا ہے۔ ترجمان پنجاب ریونیو اتھارٹی کے مطابق متعدد ریسٹورنٹس اور فوڈ چینز کی جانب سے ٹیکس وصول کیے جانے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

قومی اسمبلی میں اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ

ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں فوری طور پر اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر اور 50 فیصد گھر سے کام کریں گے۔ ملازمین گھنٹے گھر سے کام کے دوران ٹیلی فون، ای میل اور وائس ایپ پر دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر پہنچنا ہوگا، گھر سے کام کرنے والے 50 فیصد ملازمین ڈاٹ اے ایس اور اوتھ ٹوکن پاور کے حقدار نہیں ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کر دی گئی ہے اور یہ اقدام تین ماہ کے لیے ہوگا جب کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)



فیلڈ مارشل عاصم منیر کو کور ہیڈکوارٹرز پشاور میں نیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی جارہی ہے

راولپنڈی ریڈ زون میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، پولیس فورس تعینات

اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ملکی حالات کے تناظر میں سیکیورٹی سخت کرتے ہوئے راولپنڈی ریڈ زون میں اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مال روڈ سے ایوان صدر، وزیراعظم ہاؤس، سپریم کورٹ، پارلیمنٹ ہاؤس، سپریم کورٹ، ایف بی آر ہیڈکوارٹرز، سیکرٹریٹ



اداریتی صفحہ

پٹرول ریلیف، کفایت شعاری، احسن اقدام

وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے پیش نظر ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری اقدامات کی منظوری دے دی ہے۔ اگلے روز اسلام آباد میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اہم اجلاس میں حکومتی اخراجات میں کمی، ایندھن کے تحفظ، سرکاری وسائل کے موثر استعمال کے لیے کفایت شعاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم پاکستان نے اجلاس کے شرکاء سے کہا کہ سب سے پہلے حکومت اور ملک کی اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا، معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کے لیے فیول سبڈی کا آغاز ہو چکا ہے، موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی کاروں کو 100 روپے فی لٹر کے حساب سے سبڈی فراہم کی جاری ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پٹرولیم مصنوعات کی بچت کے لیے اقدامات کا اثر سے پاکستان کے تحت آئل ٹینکرز کی بڑھتی ہوئی مہنگائی کے

بقیہ 1

شکست دینے کے عزم پر قائم ہیں۔ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے مسلح افواج پرعزم ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔چیف آف ڈیفنس فورسز نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع وقومی سلامتی کی پاکستان میں فرانس کے سفیر کے ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی آمد ہوئی۔آئی ایس پی آر کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع وقومی سلامتی اور فرانس کے سفیر کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی سلامتی اور دفاع و سکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں فیلڈ مارشل نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دفاعی و سکیورٹی تعاون کو مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مسٹر گوئس روشے نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے سے متعلق فرانس کی دلچسپی کا اعادہ کیا۔

بقیہ 2

ن کا جذبہ دیکھ لیں، یہ رکنے والے نہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت حالات کا جو بھی کرے، ہم نہیں رکیں گے،دھرنے جاری رہیں گے۔لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے،اس طرح کی صورتحال کی حکومت خود ذمہ دار ہے،ہمارا ایجنڈا فساد یا جھگڑا نہیں عوام کا ریلیف ہے۔ وزیراعظم جلدی وطن واپس آئیں، ان کے ساتھ بات کریں گے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ وزیراعظم نے آکر ریلیف دیا تو ٹھیک ورنہ لانگ مارچ جاری رہے گا،ملتان میں ہمارا پڑاؤ ہے، ریلیف نہ ملنے کی صورت میں لانگ مارچ آگے بڑھے گا،ملاقات کریں گے اور بات بھی کریں لیکن لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

بقیہ 3

معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔ایس پی انڈسٹریل ایریا ڈاکٹر ایاز نے شہریوں کو صورتحال سے متعلق افواہوں پر کان نہ دھرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی راستے کی ممکنہ بندش کا فیصلہ احتجاج کی صورتحال اور عوام کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ پولیس حکام کے مطابق شہریوں کو کسی بھی ممکنہ صورتحال سے متعلق بروقت آگاہ کیا جائے گا،ٹریفک اور راستوں کی صورتحال کے بارے میں غیر مصدقہ اطلاعات پھیلانے سے گریز کیا جائے۔ایس پی ڈاکٹر ایاز نے عوام سے اپیل کی کہ راستوں کی بندش یا ٹریفک سے متعلق معلومات کے لیے صرف اسلام آباد پولیس کے آفیشل سوشل میڈیا ہینڈلز اور ایف ایم ریڈیو سے نشر ہونے والی معلومات کو ہی مستند سمجھیں۔ان کا کہنا ہے کہ شہریوں کے تحفظ اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔دوسری جانب راولپنڈی کی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ راولپنڈی میں آج تمام تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں، تعلیمی اداروں میں چھٹیوں کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔انتظامیہ نے بتایا کہ انٹرا سٹی اور بین الاضلاعی ٹرانسپورٹ بحال ہے، راولپنڈی اسلام آباد کی رابطہ سڑکیں بھی کھلی ہیں،اندرون شہر اور دیگر علاقوں کو ملانے والے راستے بھی کھلے ہیں، راولپنڈی میں کہیں کوئی شاہراہ بند نہیں کی گئی،امن وامان کی صورتحال کو دیکھ کر راستوں کی بندش کے حوالے سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا۔ واضح رہے پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کا اعلان کیا ہے، حکومت کی جانب سے عدالتی احکامات کی روشنی میں ممکنہ احتجاج سے نمٹنے کی حکمت عملی تیار کی جا رہی ہے۔سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور لانگ مارچ کے پیش نظر مختلف صوبوں سے سکیورٹی ڈیوٹی کے لیے آنے والے پولیس اہلکاروں کی رہائش کے لیے اسلام آباد کے 24 سرکاری تعلیمی ادارے آج منگل سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔پاکستان تحریک انصاف ، جماعت اسلامی اور کسان اتحاد نے اسلام آباد میں مختلف تاریخوں پر احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے۔ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے سیکٹر جی-6/1، جی-6/2، ایف-6/4، ایف-7/2، جی-7/3، جی-8/1، جی-9/2، جی-9/3، جی-10/4، جی-13/2، آئی-9/4 اور آئی-10/2 سمیت مختلف سیکٹرز میں واقع اسکولز اور کالجز بند رہیں گے۔ذرائع نے مزید بتایا کہ بری امام، ملپور، ترنول، سہالہ، بھارہ کہو، ایچ-9 سیکٹر اور راول ڈیم کے علاقے سمیت دیہی اور مضافاتی علاقوں کے تعلیمی ادارے بھی بند رہیں گے، تاہم وفاقی دارالحکومت کے دیگر تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے رہیں گے۔سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے تناظر میں راولپنڈی میں سکیورٹی سخت کر دی گئی۔ راولپنڈی میں اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے۔ مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک 8 مختلف مقامات پر خصوصی پولیس پکٹس قائم کر دی گئیں۔ایم ایچ چوک، ٹی ایم فلیش مین چوک اور صدر میٹرو اسٹیشن پر پولیس پکٹس قائم کر دی گئی جبکہ ڈبل روڈ ٹی چوک، ارے بازار روڈ، 22 نمبر چونگی اور شالیمار چوک معرکہ حق اسکوائر پر بھی پکٹس قائم کر دی گئی پولیس پکٹس پر 12،12 گھنٹوں کی دو شفٹوں میں 24 گھنٹے اہلکار تعینات کیے گئے۔ راولپنڈی ریڈزون کو 4 سیکٹرز میں تقسیم کر کے 24 گھنٹے مسلسل موبائل پولیس گشت کا بھی انتظام کیا گیا۔پولیس کے ساتھ ایلیٹ کمانڈوز بھی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں، مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک بھی اہم مقامات پر سکیورٹی بڑھا دی گئی۔ ڈولفن فورس کو بھی مخصوص علاقوں میں 24 گھنٹے پٹرولنگ کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ پولیس پکٹس اور پٹرولنگ پر تعینات اہلکاروں کو ڈیوٹی پر مستعد رہنے کی ہدایت کی گئی۔ سکیورٹی کی نگرانی ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کریں گے، کمانڈ اینڈ کنٹرول کی ذمہ داری سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا خود سرانجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 4

وزیر نے عمران خان کی بہنوں کی گرفتاری کے حوالے سے کہا کہ انہیں مصدقہ اطلاع کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا، جس کے مطابق وہ امن و امان خراب کر سکتی تھیں۔مذاکرات سے متعلق سوال پر عطا تارڑ نے پی ٹی آئی کی قیادت اور فیصلہ سازی کے عمل پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں بات چیت کے لیے کسی ایک فریق کا تعین مشکل ہے۔انہوں نے بیرسٹر گوہر کے کردار پر تنقید کرتے ہوئے مذاکرات کی افادیت پر تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ حکومت کو پی ٹی آئی کی زبان پر اعتبار نہیں ہے۔سرکار حقد مات ڈھونڈیں۔

بقیہ 5

نے پر پاکستان کو 2.1 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ائی ایم ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔پاکستان نے 37 ماہ کا آئی ایم ایف پروگرام ستمبر 2024 میں حاصل کیا تھا،ای ایف ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی دوسری قسط مئی 2025 میں موصول ہوئی تھی جبکہ تیسری قسط 11 دسمبر 2025 کو موصول ہوئی تھی

بقیہ 6

بندی عائد کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں تمام اقسام کی پائیدار اشیا کی خریداری پر پابندی عائد کی گئی ہے تاہم آئی ٹی سامان خریداری پر پابندی سے مستثنیٰ ہے۔اعلامیے کے مطابق 3 ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری اخراجات پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کی اسکالرشپس، مخصوص تربیتی پروگرام سفری پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے جب کہ غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔حکومت کی جانب سے فنڈز سرکاری سیمینارز،تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی لگائی گئی ہے، تاہم سرکاری تقریبات کے لیے آڈیٹوریم، کمیٹی رومز اور دیگر سرکاری سہولیات استعمال کرنے کی ہدایت ہے۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں اخراجات کم کرنے کے لیے پیپرلیس ورکنگ ماحول اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے اضافی کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے

بقیہ 7

کے باوجود متعلقہ ٹیکس ریکارڈ میں اس کا اندراج موجود نہیں تھا۔مختلف مقامات پر صارفین کے بلوں میں ٹیکس شامل پایا گیا، تاہم کاروباری ریکارڈ میں ٹیکس سے متعلق بے قاعدگیاں سامنے آنے پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ جعلسازی اور غیر شفاف طریقہ کار اختیار کرنے پر متعدد ڈیولپمنٹس کو جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ الیکٹرانک انوائس مینجمنٹ سسٹم کے عدم استعمال پر بھی متعلقہ کاروباری اداروں کو نوٹسز جاری کیے گئے۔عوامی شکایات اور ویجیلنس رپورٹس کی بنیاد پر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا اور ملتان میں متعدد ریسٹورنٹس اور فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ریسٹورنٹس اور فوڈ بزنسز کو ہدایت کی ہے کہ صارفین کو درست اور قانونی ٹیکس رسید جاری کی جائے اور کاروباری و ٹیکس ریکارڈ مکمل، درست اور شفاف رکھا جائے۔ ترجمان کے مطابق ماہانہ پانچ لاکھ روپے تک سیلز ریکارڈ رکھنے والے فوڈ بزنس آپریٹرز بھی متعلقہ قوانین کے تحت الیکٹرانک رسید جاری کرنے کے پابند ہیں۔ ترجمان پنجاب ریونیو اتھارٹی نے واضح کیا کہ صارفین سے وصول کیے گئے ٹیکس میں کسی بھی قسم کی خردبرد، جعلی رسیدوں کے اجرا یا ٹیکس ریکارڈ میں بے قاعدگی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کاروباری اداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 8

بھی پکٹس قائم کر دی گئی۔ پولیس پکٹس پر 12،12 گھنٹوں کی دو شفٹوں میں 24 گھنٹے اہلکار تعینات کیے گئے۔ راولپنڈی ریڈزون کو 4 سیکٹرز میں تقسیم کر کے 24 گھنٹے مسلسل موبائل پولیس گشت کا بھی انتظام کیا گیا۔ پولیس کے ساتھ ایلیٹ کمانڈوز بھی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں، مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک بھی اہم مقامات پر سکیورٹی بڑھا دی گئی۔ ڈولفن فورس کو بھی مخصوص علاقوں میں 24 گھنٹے پٹرولنگ کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ پولیس پکٹس اور پٹرولنگ پر تعینات اہلکاروں کو ڈیوٹی پر مستعد رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ریڈ زون کی سکیورٹی کی نگرانی ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کریں گے، کمانڈ اینڈ کنٹرول کی ذمہ داری سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا خود سرانجام دے رہے ہیں

بقیہ 9

کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی جبکہ کامیاب بولی دہندہ اس امر کا حلف نامہ دے گا کہ اس نے جن اشیا کے لیے بولی دی ہے ان کا معائنہ کر لیا ہے۔اس مقصد کے لیے اینڈ کس اے میں مقررہ فارم بھی متعارف کرایا گیا ہے مزید برآں کلکٹر کے فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی بولی دہندہ ایسے فیصلے کے 15 دن کے اندر متعلقہ چیف کلکٹر کے سامنے اپیل دائر کر سکے گا۔ چیف کلکٹر فریق کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اپیل دائر ہونے کے 60 دن کے اندر فیصلہ کرے گا۔ ایف بی آر نے یہ ترامیم کسٹمز ایکٹ 1969، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، وفاقی ایکسائز ایکٹ 2005 اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کی ہیں جبکہ ترامیم کو پہلے ایس آر او 1158(1)/2026 مورخہ 10 ستمبر 2026 کے ذریعے شائع کیا گیا تھا اور اب ایس آر او 1631(1)/2026 کے ذریعے مزید ترامیم کی گئی ہیں

بقیہ 10

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کے درمیان نیویارک میں ملاقات ہوئی جس میں دونوں ممالک کے درمیان ویزا فری سہولت سے متعلق معاہدہ طے پایا۔ اسحاق ڈار نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں معاہدے پر دستخط کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ انہیں سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کے ساتھ پاکستان اور سعودی عرب کے سفارتی اور سرکاری، خصوصی پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا کی شرط ختم کرنے کے معاہدے پر دستخط کر کے خوشی ہوئی۔ نائب وزیراعظم کے مطابق یہ اہم پیش رفت پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید آسان بنائے گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ویزا کی شرط کے خاتمے سے دونوں برادر ممالک کے درمیان باہمی مفاد کے مختلف شعبوں میں اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ معاہدے کے تحت سہولت کا اطلاق عام پاسپورٹ رکھنے والے پاکستانی اور سعودی شہریوں کے بجائے سفارتی، سرکاری اور خصوصی پاسپورٹ کے حامل افراد پر ہوگا۔

بقیہ 11

پاکیمیز کی سرگرمیوں کو ختم کرنا نہیں، بلکہ پنجاب میں فیملی تھیٹرز کو فروغ دینا ہے۔ ہمارا مقصد ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں خاندان باعزت اور محفوظ ماحول میں معیاری تفریح سے لطف اندوز ہو سکیں۔ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان نے کہا کہ فنکاروں اور تھیٹرز سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی کے ساتھ معیاری، مہذب اور فیملی انٹرٹینمنٹ کو فروغ دینا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے تھیٹرز انتظامیہ کو ہدایت کی کہ آئندہ تمام ڈرامے اور پروگرامز مقررہ ایس او پیز اور اخلاقی ضابطہ اخلاق کے مطابق پیش کیے جائیں۔ پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے تحریک ادب قرآن راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما یاسر سبحان نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان کا پرتپاک استقبال کیا اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان نے تحریک ادب قرآن کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور قرآن پاک کے شہید اوراق کو جمع کرنے، محفوظ رکھنے اور ان کے ساتھ ادب و احترام کے تقاضوں کے مطابق برتاؤ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہیں بریفنگ دی گئی کہ تحریک ادب قرآن کا قیام 2000ء میں عمل میں لایا گیا تھا۔ ادارے میں قرآن پاک اور احادیث مبارکہ سمیت دیگر کتب کے مقدس وقابل احترام اوراق کو محفوظ کیا جاتا ہے اور انہیں احترام و تقدس کے ساتھ قابل تلاوت حالت میں لانے کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ شازیہ رضوان نے قرآن پاک کے تقدس، احترام اور حفاظت کے لیے تحریک ادب قرآن کی خدمات کو سراہا اور اس نیک مقصد کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ قرآن پاک کا ادب و احترام اور اس کے تقدس کی حفاظت ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، جبکہ مقدس اوراق کو محفوظ طریقے سے جمع کرنا اور ان کے ساتھ شرعی و دینی تقاضوں کے مطابق معاملہ کرنا ایک اہم دینی خدمت ہے۔

بقیہ 12

کہ جب بھی حالات سنبھلنے لگتے ہیں تو اس طرح کا کھیل شروع ہو جاتا ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے کہ ایسی حرکتوں سے بانی کو کوئی فائدہ ہوگا، جیل میں قیدی سے ملاقات جیل رولز کے تحت ہی ہو سکتی ہیں، سڑکیں بند کرنے یا احتجاج کرنے سے جیل میں ملاقاتیں نہیں ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ احتجاج میں سکیورٹی اہلکاروں کو مارا، کچلا، گولیاں مار کر زخمی کیا گیا،تحریک انصاف کے صوبائی صدر کہتے ہیں اسلام آباد کو سومنات بنائیں گے، سومنات تو لاشیں گرانے اور توڑ پھوڑ کرنے سے ہی بن سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، وفاقی حکومت سیاسی حکومت ہے،کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے،سیاسی لوگوں کو موقع دینا چاہتے ہیں

بقیہ 13

کی چیکنگ کے دوران ناجائز منافع خوری کے 5 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے اور اوور چارجنگ کے مرتکب افراد کے خلاف فوری قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمات درج کروائے گئے اور بھاری جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ اسی طرح روٹی کی اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیوں میں 6 لاکھ 40 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 26 ایف آئی آرز درج کرکے 70 افراد کو گرفتار کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ چکن، گوشت کی قیمتوں اور فروخت کی چیکنگ کے دوران بھی کارروائیاں کی گئیں اور نوٹیفائیڈ قیمتوں کی خلاف ورزیوں پر 2 لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے اور 6 مقدمات بھی درج کیے گئے اسی طرح آٹے کی چیکنگ کے دوران 13 ہزار 101 مقامات پر ٹیسٹ چیک کیے گئے جبکہ گرانفروشی کے 556 کیسز رپورٹ ہوئے۔ٹماٹر کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے 8 ہزار 902 انسپکشنز کی گئیں، جن کے دوران ناجائز منافع خوری کے 797 کیسز سامنے آئے اور 1 لاکھ 29 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ پیاز کی چیکنگ کے دوران 7 ہزار 11 انسپکشنز کی گئیں جبکہ اوور چارجنگ کے 585 کیسز رپورٹ ہوئے اور 24 افراد کو گرفتار کیا گیا اس کے ساتھ ساتھ چاول اور دالوں کی قیمتوں کی بھی کڑی نگرانی جاری ہے۔باسمتی چاول کی چیکنگ کے دوران 15 ہزار 388 انسپکشنز کی گئیں اور ناجائز منافع خوری کے 775 کیسز رپورٹ ہوئے۔دالوں کی پرائس چیکنگ کے لیے 28 ہزار 180 انسپکشنز کی گئیں جس کے نتیجے میں گرانفروشی کے 1 ہزار 403 کیسز سامنے آئے اور 3 لاکھ 27 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے پنجاب کی مختلف مارکیٹوں کی چیکنگ کے دوران 30 کاروباری مقامات کو بھی سیل کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی اور صارفین کو مقررہ نرخوں پر اشیا کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے مارکیٹوں میں چیکنگ کا سلسلہ مسلسل جاری ہے

بقیہ 14

مشکل کرنے، کاروباری شراکت داری کو فروغ دینے،تجارتی روابط کو آسان بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت وسرمایہ کاری کے شعبوں میں مزید تعاون کے مواقع پیدا کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی۔رپورٹ کے مطابق چین کے 77 ویں قومی دن کی تقریبات کے ساتھ ساتھ اس تقریب میں پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منائی گئی۔اس موقع پر ایک خصوصی پروگرام پیش کیا گیا جس میں دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی روابط کو اجاگر کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق تقریب میں لاہور میں قائم چینی قونصل خانے کے نمائندوں، کاروباری برادری کے اراکین، پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ، فاران، کامن ویلتھ اینڈ پاکستان ڈائسپورا ڈیپارٹمنٹ اور دیگر سرکاری اداروں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔رپورٹ کے مطابق پنجاب کے وزیر برائے خوراک بلال یاسین نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب میں ثقافتی پرفارمنسز بھی خصوصی توجہ کا مرکز رہیں، جنہوں نے پاکستان اور چین کے عوام کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کی عکاسی کی۔چینی فنکاروں نے کنگ فو، خطاطی، جادو کے فن اور ڈریگن ڈانس سمیت روایتی فنون پیش کیے، جبکہ پاکستانی فنکاروں نے صوفی رقص پیش کیا۔ پروگرام کی ایک اہم ہائی لائٹ دو زبانوں میں پیش کیا جانے والا ووکل آرٹ کا جشن تھا، جسے پاکستانی گلوکار یاسر رسیس، جو ڈانگ یاسر کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں، نے پیش کیا۔ اس پرفارمنس نے دونوں ممالک کی برادریوں کو قریب لانے میں موسیقی اور ثقافتی تبادلے کے کردار کو اجاگر کیا۔گوادر پرو کے مطابق تقریب کا اختتام چینی گیت کی مشترکہ پرفارمنس سے ہوا، جسے ڈانگ یاسر اور چینی گلوکارہ ژاؤ یان نے پیش کیا۔ اس پرفارمنس نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تبادلے اور باہمی قدر و احترام کی علامت پیش کی

بقیہ 15

کارکنان کی 32 گاڑیاں دفعہ ایک سو چوالیس کی خلاف ورزی کیلئے استعمال ہوتی رہیں، کارکنان کو گرفتار کیا جائے گا اور گاڑیاں ٹریس کر کے بند کی جائیں گی۔

بقیہ 16

کی ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے ملاقات ہوئی جس دوران پاک ایران دوطرفہ تعلقات اور خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں جاری تعاون پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا گیا جبکہ ایرانی وزیر داخلہ نے علاقائی امن واستحکام کیلئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ خطے میں قیام امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کاوشوں کے شکرگزار ہیں، پاکستان کا حالیہ دورہ بہت مفید رہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ آنے والے وقت میں دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ محسن نقوی اس وقت ایران کے سرکاری دورے پر جہاں سکندر مومنی نے ایئرپورٹ پر ان کا استقبال کیا۔

بقیہ 17

جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 350 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ رتہ امرال پولیس نے اگست 2024 میں گرفتار کیا تھا، مجرم امتیاز کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ آراے بازار پولیس نے فروری 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم سراج کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 540 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ جاتلی پولیس نے دسمبر 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرمان کو مجموعی طور پر 27 سال قید اور 2 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائی گئیں، ٹھوس شواہد اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں،منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 18

کھیلنے اکھلانے والا شخص گرفتار کر کے موبائل فون برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آن لائن جواء کھیلنے اکھلانے والے شخص کو گرفتار کر لیا،زیر حراست شخص سے موبائل فون برآمد ہوا،ملزم بیٹ پروائپ پر جواء کھلاتا تھا، گوجر خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، قمار بازی و دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے

بقیہ 19

گے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اے بی سی پورٹل کو جلد از جلد فعال کیا جائے اور ابتدائی طور پر وہ تمام سرکاری سروسز پورٹل پر فراہم کی جائیں جو حکومت فوری طور پر آن لائن مہیا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو سرکاری اداروں کے چکر لگانے کے بجائے زیادہ سے زیادہ سہولیات ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے فراہم کی جائیں۔ ڈیجیٹل گورننس کے فروغ کے لیے پنجاب آئی ٹی بورڈ کے تجربات سے استفادہ کیا جائے گا۔ حکومت کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سرکاری خدمات کو عوام کے لیے مزید آسان، تیز اور قابل رسائی بنانا ہے۔وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ حکومت عوامی خدمت کے مشن پر کام کر رہی ہے،سرکاری منصوبوں کی محض تختیاں نہیں لگائی بلکہ سرکاری فنڈ جہاں خرچ ہوں وہاں واضح امپیکٹ نظر آنا چاہیے۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل نہ ہونے سے منصوبوں کی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے جس کا براہ راست بوجھ ریاستی خزانے پر پڑتا ہے،اس لیے سرکاری وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے ان خیالات کا اظہار ایک اعلیٰ سطح اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات عاطف رحمان، پرنسپل سیکرٹری عدنان خورشید، سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ عامر لطیف سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے شروع کرنے سے قبل ان کی مکمل اور جامع پلاننگ کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے ایسی فرمز اور کنٹریکٹرز کا انتخاب کیا جائے جن کی ساکھ اچھی ہو اور جن کے سابقہ منصوبوں کی کارکردگی اور تجربہ اطمینان بخش ہو۔انہوں نے کہا کہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ صرف ترقیاتی اہداف کو متاثر کرتی ہے بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ تعمیراتی اخراجات میں اضافے کا سبب بھی بنتی ہے، جس سے سرکاری خزانے پر اضافی مالی بوجھ پڑتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور آغاز کے مراحل میں ہی تمام ضروری امور کا جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کیے جانے والے منصوبوں کا مقصد صرف افتتاحی تختیوں تک محدود نہیں بلکہ ان کے ثمرات ہر صورت عملی طور پر عوام تک پہنچنے چاہئیں۔ جہاں بھی سرکاری فنڈ خرچ کیے جائیں وہاں اس کا واضح امپیکٹ نظر آنا چاہیے جو عام آدمی کی زندگی میں حقیقی بہتری لانے کا باعث بنیں۔وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی سے وادی لیپہ کے نمائندہ وفد نے ممبر مجلس عاملہ و سیکرٹری نائب صدر مسلم لیگ ن مظفر آباد ڈویژن راجہ کنیل ناصر خان اور مسلم لیگ ن آزاد کشمیر جائنٹ سیکرٹری مختار گیلانی کی سربراہی میں ملاقات کی۔ وفد میں ن لیگ کے ممبران مجلس عاملہ ملک شوکت، الطاف حسین، پرویز الحسن، صادق لون اور دیگر شامل تھے۔ وفد نے رکن قانون ساز بازار کے متاثرین کی بروقت دادرسی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور انہیں وادی لیپہ کے مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ وادی لیپہ کے ترقیاتی منصوبوں کو اے ڈی پی میں شامل کیا جائے گا۔ وادی لیپہ سمیت آزاد کشمیر کے دیگر علاقوں میں ہماری سرکاری ترجیحات میں شامل ہے، جس پر عملی اقدامات کے لیے ورکنگ جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وادی لیپہ میں صحت کی سہولیات کی اپ گریڈیشن سمیت عوام کی دیگر بنیادی ضروریات کو بھی پورا کیا جائے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی اور مسلم لیگ ن کے کارکنان کو ساتھ لے کر چلتے ہوئے عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی سے سابق وزیر حکومت چوہدری شہزاد محمود کی سربراہی میں حلقہ گجرات کے ایک بڑے نمائندہ وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں سابق امیدوار اسمبلی راجہ امداد علی خان طارق،ممبران ضلع کونسل، ممبران لوکل کونسل سمیت مسلم لیگ ن حلقہ گجرات کے کارکنان وعہدیداران شامل تھے۔ وفد کے اراکین نے وزیراعظم کو منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی اور اپنے مسائل سے بھی آگاہ کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ہر علاقے میں تعمیر وترقی ہوئی اور آزاد کشمیر میں عوامی فلاح وبہبود کا دور شروع ہو گیا ہے، کارکنان مسلم لیگ ن کا خیال رکھا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ محمد نواز شریف کے ویژن کو وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور محترمہ مریم نواز شریف کی رہنمائی اور تعاون سے عملی جامہ پہنائیں گے۔ تمام حلقوں میں تعمیر وترقی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں بہتری لانا، صحت وتعلیم، سفری سہولیات کو بہتر کرنا اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے جس پر کام کر رہے ہیں۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ سرکاری اداروں میں بھرتیاں خالصتاً میرٹ پر تھرڈ پارٹی ریکروٹمنٹ ایکٹ کے ذریعے ہوگی۔ اس موقع پر مسلم لیگ ن کے سابق امیدوار اسمبلی و سابق وزیر چوہدری شہزاد محمود نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وزیراعظم کو حلقہ گجرات کے دورہ کی دعوت دی جسے قبول کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آئندہ ماہ ایک پورا دن گجرات کے عوام کیلئے مختص کروں گا۔

بقیہ 20

ف ورزی ہے۔درخواست میں کہا گیا کہ جنید اکبر کا بیان عدالتی فیصلے کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے، لہذا عدالت ان کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی شروع کرے۔ درخواست گزار نے موقف کی تائید میں سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا حوالہ بھی دیا ہے جس میں نہال ہاشمی کو ایک ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی

بقیہ 21

کھلا دشمن ہے، دہشت گرد عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن آئے، ترقی ہو اور بیماریوں کا خاتمہ ہو۔ وہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے بچے صحت مند اور محفوظ مستقبل کی طرف بڑھیں۔ معاون داخلہ نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں میں مستقل معذوری کا سبب بن سکتی ہے جبکہ ویکسینیشن اس سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ ہے۔ جو عناصر پولیو ٹیموں کو نشانہ بناتے ہیں وہ درحقیقت بلوچستان کے بچوں کو صحت اور محفوظ مستقبل کے حق سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ فتنہ الہندوستان بلوچستان کے بچوں کے مستقبل سے کھیل رہا ہے۔ بابر یوسفزئی نے زور دیا کہ پولیو ورکرز ہمارے بچوں کو بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے گھر گھر جا رہے ہیں اور ان کی حفاظت ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بلوچستان کے بچوں کو دہشت گردی اور بیماری نہیں بلکہ تعلیم، صحت، امن اور روشن مستقبل چاہیے۔ دہشت گرد عناصر کے عزائم بلوچستان کے بچوں کا مستقبل تبدیل نہیں کر سکتے، حکومت بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے پرعزم ہے

بقیہ 22

ب کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو آئینی حقوق فراہم کیے جائیں، گلگت بلتستان کی حکومت کو با اختیار اور باوقار بنایا جائے، ریاست کے دونوں آزاد خطوں کو آئینی طور پر مربوط کر کے تحریک آزادی کشمیر کا بیس کیمپ بنایا جائے۔ گلگت بلتستان کے عوام کو لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، بے روزگاری کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے جائیں،میڈیکل کالج ،خواتین یونیورسٹی قائم کی جائے تاکہ نوجوانوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے کارکن ایک ایک گھر ایک ایک فرد تک دعوت پہنچائیں عوام کے مسائل کا حل صرف جماعت اسلامی ہے۔

بقیہ 23

نت کیا اور ملازمین کی شکایات بھی سماعت کیں بعد ازاں ایس ایس پی میرپور کے حکم پر لائم لائٹ انتظامیہ نے ملازمت سے معطل کیے گئے ملازمین کو بحال کر دیا گیا اور باقی ملازمین کی شکایات کا بھی ازالہ کرنے کا کی یقین دہانی کروائی اس حوالے سے تحریری طور پر ایک معاہدہ بھی طے پایا متاثرہ ملازمین نے روزنامہ عدالت اور ایس ایس پی میرپور کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 24

رزلٹ کارڈز جاری کیا جات کی وصولی/اعتراضات کے ازالے کے بعد ہی وہ گزار کیے جائیں گے۔ اگر کسی پرائیویٹ امیدوار کو رزلٹ کارڈ موصول نہ ہو تو نتیجہ کی اشاعت کے بعد 45 دن کے اندر اندر درخواست بنام کنٹرولر امتحانات کالجز دے کر بغیر فیس رزلٹ کارڈ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بصورت دیگر قواعد کے تحت فیس رزلٹ کارڈ کے حصول کے لیے مبلغ 500,1 روپے فیس، جو موبائل بینکنگ یا انٹرنیٹ بینکنگ ایپ، HBL Konnect، 1Bill، JazzCash یا Easypaisa کے ذریعے جمع کروائی جا سکتی ہے، کے ساتھ 50 روپے کے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی کی مصدقہ نقل ہمراہ درخواست ارسال کرنا ہوگی۔ایسے امیدواران جو اپنے پرچوں کی پڑتال (Rechecking) کروانا چاہتے ہوں، وہ بورڈ قوانین کے مطابق نتیجہ شائع ہونے کے بعد 15 دن کے اندر اپنی درخواست آن لائن جمع کروانے کے بعد مقررہ فیس اور درخواست کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروائیں۔مزید برآں، رزلٹ گزٹ PDF فارمیٹ میں بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہوگا، جہاں سے نتیجہ دیکھا اور پرنٹ کیا جا سکے گا۔اس ضمن میں کسی بھی قسم کی پریشانی یا مزید معلومات کے لیے درج ذیل ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ 05827-960071,960006

بقیہ 25

قائم کر دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، پاکستان ٹیکنالوجی کا صرف صارف نہیں رہنا ہے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے آج کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ہوگا

بقیہ 26

۔اجلاس میں مجوزہ اراضی پر گرین بس ٹرمینل کے قیام کے لیے اراضی کی صفائی وبہتری،تعمیراتی معیار، سیفٹی وال کی تعمیر ،داخلی وخارجی راستوں، کام کے معیار اور دیگر ضروری بنیادی سہولیات سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر واپڈا حکام کی جانب سے ان کے ذمہ تکنیکی وحفاظتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں طے پایا کہ تعمیراتی سرگرمیوں کو باہمی مشاورت سے جلد از جلد آگے بڑھایا جائے گا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت ضروری امور کو جلد از جلد مکمل کریں گے تاکہ ٹرمینل کو بروقت گرین بس سروس کے آغاز کے لیے تیار کیا جا سکے۔کمشنر میرپور ڈویژن راجہ طاہر ممتاز خان نے کہا کہ گرین بس سروس حکومت کے عوام دوست وژن کا اہم حصہ ہے، جس کا مقصد شہریوں کو جدید، محفوظ، باوقار اور منظم سفری سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ شہری ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر اور مؤثر بنانا ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ ٹرمینل کی تیاری میں تعمیراتی معیار، مسافروں کی سہولت، ٹریفک کے منظم بہاؤ، ماحولیاتی بہتری اور حفاظتی تقاضوں کو خصوصی اہمیت دی جائے۔ کمشنر میرپور ڈویژن راجہ طاہر ممتاز خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹرمینل کی مجوزہ اراضی پر حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے، واپڈا سمیت تمام متعلقہ اداروں کو آن بورڈ رکھتے ہوئے تکنیکی امور باہمی مشاورت سے طے کیے جائیں اور ضروری کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ادارہ جاتی رابطہ مؤثر بناتے ہوئے ذمہ داریاں واضح کی جائیں اور گرین بس ٹرمینل کے تمام ضروری انتظامات کو مقررہ معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) اوصاف علی نے گرین بس ٹرمینل کے لیے مجوزہ جگہ کے حوالے سے بریفنگ دی اور ٹرمینل کے قیام کے لیے متعلق ضروری انتظامات اور دیگر متعلقہ امور سے اجلاس کو آگاہ کیا۔

بقیہ 27

اکنامک زونز ان برکس کنٹریز اور ایڈوانسڈ سولر پاور (پانگوو) انکارپوریٹڈ میں منعقد ہوئے۔ شرکاء نے برکس کے اقتصادی اور تجارتی تعاون کا مطالعہ کیا، بین الاقوامی سلامتی سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لیا اور سائٹ وزٹس اور صنعتی مقامات کے ذریعے گرین فوٹو وولٹائک سولر انڈسٹری کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ رپورٹ کے مطابق ژے جیانگ نارمل یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے طالب علم نشاط مسعود نے پروگرام کو بامقصد اور معلوماتی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس تجربے سے انہیں برکس کے اقتصادی وتجارتی تعاون، بین الاقوامی تبادلوں، سیکیورٹی آگاہی اور گرین فوٹو وولٹائک توانائی کی ترقی کے بارے میں قیمتی معلومات حاصل ہوئیں جبکہ تعلیمی مطالعے کے ساتھ عملی صنعتی تجربہ بھی ملا۔ نشاط مسعود نے کہا کہ میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے شرکا کے ساتھ سیکھنے، روابط قائم کرنے اور اپنے خیالات کے تبادلے کا یہ قیمتی موقع فراہم کیے جانے پر شکرگزار ہوں۔ مجھے پروگرام مکمل کرنے اور سماجی عملی تربیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے پر فخر ہے، کلاس روم سے باہر سیکھنا، مختلف ثقافتوں سے جڑنا اور نئے نقطہ نظر کو دریافت کرنا ایک منفرد تجربہ رہا۔ برکس ایس ای زیڈ اکیڈمی ایک جدید اقدام ہے جسے جنہوا ڈسٹرکٹ کامرس بیورو نے منظم کیا ہے۔ اس کا مقصد نوجوانوں کے درمیان تبادلوں کو فروغ دینا، صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور برکس تعاون کو مزید گہرا کرنا ہے، جبکہ ڈیجیٹل معیشت اور اقتصادی وتجارتی تعاون اس کے بنیادی موضوعات ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق یہ پروگرام بین الاقوامی نوجوانوں کو چین میں صنعتی جدت طرازی کو بہتر طور پر سمجھنے، چین کے خصوصی اقتصادی زونز میں جاری کھلے پن اور ترقی کی رفتار کا عملی مشاہدہ کرنے اور گریٹر برکس تعاون کی بڑھتی ہوئی توانائی اور امکانات کو سمجھنے کا موقع فراہم کرتا ہے

بقیہ 28

نوں کے ضیاع پر افسوس اور زخمیوں اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت کی مشترکہ دشمن ہے،دہشت گردی کے خلاف جنگ تمام ممالک کے مشترکہ مفاد میں ہے۔ گو جیاکھون نے کہا کہ چین پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کی مستقل اور پرعزم حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے تمام ممالک پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنے اور عالمی سلامتی واستحکام کے تحفظ کے لیے مل کر کام کریں

بقیہ 29

ممتاز خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکیم سے متعلق امور کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے

بقیہ 30

زاد جموں وکشمیر پولیس اہلکاروں کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے اور قانونی شعور اجاگر کرنے کے لیے ایسے آگاہی پروگرامز کا انعقاد اہم قدم ہے۔ سیشن کے دوران زیر تربیت اہلکاروں کو خواتین اور بچوں سے متعلق معاملات میں حساسیت، ذمہ دارانہ طرز عمل اور مؤثر قانونی کارروائی کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ آگاہی سیشن کو پولیس اور محکمہ ترقی نسواں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور خواتین وبچوں کے تحفظ کے لیے پولیس کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کی جانب اہم اقدام قرار دیا گیا۔

بقیہ 31

ت کا جائزہ لیا۔ دورے کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی لیفٹیننٹ (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، سی او ضلع کونسل اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں صفائی ستھرائی، لوکل گورنمنٹ اداروں کی کارکردگی، عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ستھرا پنجاب کے تحت جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران کو صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس کے بعد سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ستھرا پنجاب کی ڈمپنگ سائٹ کا دورہ کیا اور وہاں صفائی کے عمل، ویسٹ مینجمنٹ اور کچرے کی تلفی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ افسران نے جی ٹی روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں ستھرا پنجاب کے تحت صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر افسران نے ہدایت کی کہ شہری علاقوں، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے عمل کی مؤثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 32

تحفظ بھی ضروری ہے۔ ملک کو مزید محاذ آرائی کے بجائے مکالمے، برداشت اور قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ سیاسی اختلافات کے حل کے لیے مذاکرات اور قومی مسائل پر اتفاق رائے کے لیے نیشنل ڈائیلاگ کے آغاز کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔

بقیہ 33

مائے اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ صبر وحوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اس موقع پر ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن حیسکو شفیق احمد میمن، ڈائریکٹر پولیس دانش، محمد اقبال میمن اور حیسکو ترجمان محمد صادق کبر بھی موجود تھے۔

بقیہ 34

ترسیل میں تاخیر پر 8 ایئر لائنز کو مجموعی طور پر 16 لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ پی اے اے کے مطابق ایئرلائنز کو سامان کی بروقت ترسیل یقینی بنانے کا پابند کیا جا رہا ہے، ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار کی مسلسل نگرانی جاری ہے، سروس اسٹینڈرڈز پر عملدرآمد نہ کرنے والی ایئرلائنز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 35

۔پٹرول پر عائد تقریباً 135 روپے کے مختلف ٹیکسز اور پٹرولیم لیوی عوام پر اضافی مالی بوجھ ہیں، جنہیں کم یا ختم کیے بغیر حقیقی ریلیف ممکن نہیں۔حکومت لیوی کی صورت میں 150 ارب روپے یومیہ کما رہی ہے۔ جو کہ غریب عوام پر بہت بڑا ظلم ہے۔محمد جاوید قصوری نے کہا کہ حکومت ایک طرف عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کرتی ہے جبکہ دوسری طرف پٹرولیم مصنوعات پر مختلف ٹیکسز کے ذریعے شہریوں سے بھاری رقم وصول کی جا رہی ہے۔ پٹرول کی قیمت میں معمولی اضافہ بھی اشیائے ضروریہ، سبزی، دال، آٹا، دودھ، ٹرانسپورٹ اور صنعتی پیداوار کی قیمتوں پر براہ راست اثر ڈالتا ہے۔ اس لیے پٹرولیم مصنوعات کو مہنگا کرنے والے ٹیکسز اور لیوی میں کمی عوام کو فوری ریلیف دینے کا مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی بجٹ 272026 میں پٹرولیم لیوی سے 1566 ارب سے زائد کی آمدن کا تخمینہ رکھا گیا ہے، جو اس مد سے حکومت کی بڑی مالی وصولی کو ظاہر کرتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ محصولات کا بوجھ عام شہریوں پر ڈالنے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرے، غیر ضروری اخراجات کم کرے، اشرافیہ کو حاصل مراعات کا جائزہ لے اور معیشت کو پیداواری بنیادوں پر مستحکم بنائے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب نے کہا کہ عوام پہلے ہی بجلی، گیس، پٹرول، اشیائے خورونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے شدید متاثر ہیں۔ کم آمدنی والے طبقے کے لیے آمدن اور اخراجات میں بڑھتا ہوا فرق ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔ حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے محض عارضی ریلیف پیکجز کے بجائے مستقل اور پائیدار اقدامات کرنا ہوں گے۔ حکومت نے 100 روپے فی لیٹر کمی کا اعلان کیا ہے مگر جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے وہ ہر کسی کے لئے قابل عمل نہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت ڈنگ ٹپاؤ اقدامات کی بجائے طویل المدت حل کے لیے قیمتوں کے ڈھانچے اور ٹیکسوں کا از سر نو جائزہ لے۔ پٹرول لیوی سراسر ظلم زیادتی اور بھتہ ٹیکس کے مترادف ہے۔ محمد جاوید قصوری نے مطالبہ کیا کہ حکومت پٹرولیم لیوی اور دیگر پٹرولیم ٹیکسز میں فوری کمی کا اعلان کرے، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے جامع پالیسی بنائے اور عوام کو حقیقی معنوں میں معاشی ریلیف فراہم کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو ریلیف دینا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری سے کسی صورت پہلو تہی نہیں کی جانی چاہیے

بقیہ 36

نے بھی ملازمین کی رہنمائی کے لیے ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 27 جنوری سے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے روز ہی پنشن اور دیگر قابل ادائیگی مراعات جاری کرنے کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے کہا کہ ان کا دفتر تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی اور شفاف مالیاتی نظام کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ نو منتخب اساتذہ کی جانب سے تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کی شکایات پر انہوں نے یقین دلایا کہ شفاف کارروائی اور مطلوبہ دستاویزات مکمل ہوتے ہی ادائیگیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو اساتذہ سے مکمل تعاون کرنے اور زیر التوا معاملات جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 37

بوائز ہائی سکول بنجی ڈھیری کے ہونہار طالب علم علی حسن کو ضلعی مقابلہ حسن نعت میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر نقد انعام بھی دیا۔

بقیہ 38

انہیں تاحکم ثانی محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 39

کا وصل دور کی جائیں اور انٹرنیٹ سروس فوری بحال کی جائے۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ علاقے میں بدامنی کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور عوام کے درمیان اتحاد وہم آہنگی کے فروغ کے لیے 28 ستمبر بروز سوموار دن 11 بجے، بلیدہ شہر میں عوامی اتحاد فورم بلیدہ حنفی کی زیر اہتمام ایک عظیم الشان امن مارچ منعقد کیا جائے گا۔ امن مارچ میں تمام مکاتب فکر، سیاسی ومذہبی جماعتوں، سول سوسائٹی، تاجران، نوجوانوں اور عوامی نمائندگان سمیت تمام شہریوں کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے

بقیہ 40

ھ ضمیر رشید ڈی ایف سی تسنیم اختر ، محمد شعیب کی کارروائی، مزید تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 41

آزادی حاصل کر لیتا۔ آج بھی، نوآبادیاتی دور کا یہ سودا ایک ہولناک اور تباہ کن سایہ فگن ہے۔ کشمیر کا یہ غیر حل شدہ مسئلہ خطے میں جنگوں، تنازعات، گہری غربت اور وسیع پیمانے پر پھیلی بھوک کی بنیادی وجہ (root cause) ہے۔ اس جاری تنازعے کی وجہ سے کشمیر پر غیر ملکی افواج کا قبضہ ہے، جس کے نتیجے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور ایسا سماجی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے جو پورے جنوبی ایشیا کی سیکیورٹی اور ترقی کے لیے ایک خطرہ ہے۔ چونکہ موجودہ مصائب کی جڑیں اس تاریخی نوآبادیاتی ناانصافی سے جڑی ہیں، اس لیے ہم باقاعدہ طور پر برطانوی حکومت سے تاوان (Reparations) کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ برطانیہ کی جانب سے کشمیر کے مظلوم عوام کو دیا جانے والا اب سے معنی خیز اور منصفانہ تاوان سفارتی احتساب کی صورت میں ہو سکتا ہے۔ ایک آزاد اور پرامن کشمیر پورے جنوبی ایشیا کو بنیادی طور پر فائدہ پہنچا سکتا ہے، جس سے امن اور خوشحالی کے نئے راستے کھلیں گے اور خطے کے 3 ارب سے زائد لوگوں کی زندگیاں مثبت طور پر تبدیل ہوں گی۔ لہذا، میں آپ کی حکومت سے احتراماً گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنی تاریخی ذمہ داریوں کو پورا کرے اور اقوام متحدہ پر زور دے کہ وہ اپنی دیرینہ قراردادوں پر عمل درآمد کروائے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ برطانیہ وعدہ شدہ آزادانہ ریفرنڈم (صوابدید رائے) کے انعقاد کے لیے فعال کردار ادا کرے تاکہ کشمیری عوام جمہوری طریقے سے اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کر سکیں۔ اس تنازعے کا مستقل حل نہ صرف ایک اخلاقی ضرورت ہے بلکہ ایک گہرے تاریخی ظلم کی تلافی کے لیے بھی ایک اہم قدم ہے۔ آپ کے وقت، قیادت اور اس فوری انسانی اپیل پر سنجیدگی سے غور کرنے کے لیے میں آپ کا بے حد مشکور ہوں۔

بقیہ 42

ل اور تاجر برادری کے تحفظ، سکیورٹی اقدامات، کاروباری مراکز میں محفوظ ماحول کے قیام اور پولیس و عوام کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور معززین علاقہ نے اپنے مسائل، تجاویز اور سکیورٹی سے متعلق تحفظات سے پولیس افسران کو آگاہ کیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے شرکاء کی تجاویز اور مسائل غور سے سنے اور متعلقہ افسران کو شہریوں اور تاجروں کے تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کے لیے محفوظ ماحول یقینی بنانے اور مسائل کے بروقت حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تاجر برادری اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے اور مقامی سطح پر درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ تاجر برادری اور شہریوں کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر میں امن وامان کو مزید بہتر بنانے اور کمیونٹی پولیسنگ کو مؤثر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں اور تاجروں کے جان ومال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیوں کے لیے محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بعد ازاں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے تھانہ شالیمار اور تھانہ رمنا کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے تھانوں میں موجود سائلین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو شہریوں کی شکایات کا بروقت اور مؤثر ازالہ یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے زیر تفتیش مقدمات کی جلد از جلد یکسوئی، سابقہ ریکارڈ یافتہ، اشتہاری اور مطلوب مجرمان کی گرفتاری، پولیس ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور تھانوں میں صفائی ستھرائی کے مناسب انتظامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ تھانوں میں آنے والے شہریوں اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور شائستگی سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر قانون کے مطابق حل کیا جائے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے واضح کیا کہ اختیارات سے تجاوز اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ شہریوں کو بروقت اور مؤثر پولیس سروسز کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی قابل قبول نہیں ہوگی

بقیہ 43

اس اقدام سے کاغذی کارروائی کا مکمل خاتمہ ہوگا اور ہسپتال کے انتظامی وطبی امور میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اس جدید نظام کی افتتاحی تقریب میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین اور پرنسپل ڈاکٹر محمد شاہد کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈائریکٹر آئی ٹی ڈیل جی ایچ ڈاکٹر سلمان شکیل اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (پی آئی ٹی بی) کے نمائندے بھی موجود تھے، جن کی تکنیکی معاونت سے اس منصوبے کو عملی شکل دی گئی۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا کہ موجودہ دور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا ہے اور ہیلتھ کیئر سسٹم کو جدید وسائل سے لیس کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہیلتھ فرسٹ ویژن کے تحت ہسپتال میں مریضوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے کاغذی فائلوں کے ضیاع کا خطرہ ختم ہو جائے گا اور ڈاکٹروں کو ایک کلک پر مریض کی مکمل ہسٹری دستیاب ہوگی جس سے علاج معالجے کی کیفیت اور رفتار دونوں میں بہتری آئے گی جنرل ہسپتال کے دیگر شعبوں کو بھی مرحلہ وار اسی ماڈل پر منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ 44

اعتراف نہ صرف افسران کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے بلکہ دیگر افسران کو بھی مزید محنت اور بہتر کارکردگی کے لیے ترغیب دیتا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اور عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اسلام آباد پولیس کا اولین فرض ہے۔ شہریوں کو بروقت، مؤثر اور معیاری پولیس سروسز کی فراہمی کو مزید بہتر بنانا ہماری بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران واہلکار اپنی ذمہ داریاں مکمل لگن، دیانت داری، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ ادا کریں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں۔ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر سطح پر مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ ہم سب نے مل کر پولیس سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانا ہے اور خدمت کو اپنا شعار بناتے ہوئے شہریوں کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور پیشہ ورانہ عزم کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ 45

نے پر پاکستان کو 2.1 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ائی ایم ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔پاکستان نے 37 ماہ کا آئی ایم ایف پروگرام ستمبر 2024 میں حاصل کیا تھا،ای ایف ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی دوسری قسط مئی 2025 میں موصول ہوئی تھی جبکہ تیسری قسط 11 دسمبر 2025 کو موصول ہوئی تھی

بقیہ 46

فراہم کرنے کے حوالے سے افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت صحت کے شعبے سے وابستہ افراد، مختلف اداروں اور معاشرے کے دیگر طبقات میں سی پی آر کے حوالے سے آگاہی اور تربیت کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد ہنگامی حالات میں مؤثر طریقے سے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے ضروری علم اور مہارت حاصل کر سکیں اور قیمتی انسانی جانیں بچانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 47

افغانی اور آبادیاتی صورتحال کے پیش نظر ایسے بچوں تک رسائی انتہائی اہم ہے جو سفر، عارضی نقل مکانی یا دیگر وجوہات کی بنا پر اپنے گھروں پر موجود نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کی نقل وحرکت پولیو پروگرام کے لیے ایک اہم چیلنج ہے، کیونکہ ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے والے خاندانوں کے بچوں تک مسلسل رسائی برقرار رکھنا ضروری ہے۔ ٹرانزٹ ویکسی نیشن اس حکمت عملی کا اہم حصہ ہے تاکہ سفر کرنے والا کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہ جائے۔ ڈاکٹر احسان غنی نے کہا کہ کوئی بچہ سفر میں ہونے کی وجہ سے پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور پانچ سال سے کم عمر اپنے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے بتایا کہ راولپنڈی میں گھر گھر ویکسی نیشن کے لیے موبائل ٹیمیں، فکسڈ مراکز اور ٹرانزٹ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ ٹیمیں ان بچوں تک بھی رسائی یقینی بنائیں گی جو مہم کے دوران اپنے گھروں پر موجود نہیں ہوں گے۔ منظم ٹرانزٹ ویکسی نیشن ماضی کی مہمات میں بھی ایسے بچوں تک رسائی کا اہم ذریعہ رہی ہے۔

بقیہ 48

ر تعداد (80 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 1870 رائیڈرز، 80 کم عمر ڈرائیور، 486 مسافر اور 181 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 220 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 272 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 82 حادثات میں 90 متاثرین کے ساتھ دوسرے ملتان 80 حادثات میں 88 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1537 متاثرین میں 1215 مرد اور 322 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونے والوں میں 271 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 844 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 422 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1461 موٹر سائیکلز، 80 آٹو رکشے، 129 کاریں، 27 وین، 14 مسافر بسیں، 37 ٹرک اور 52 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں

بقیہ 49

محمد وقاص نذیر نے کہا کہ ون وے کی خلاف ورزی، اوور اسپیڈنگ، ریش ڈرائیونگ اور ون ویلنگ جیسی سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں پر ڈرائیونگ لائسنس معطل کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر ذمہ دارانہ اور خطرناک ڈرائیونگ ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام فیلڈ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ حادثات میں ملوث ڈرائیورز کے خلاف قانون کے مطابق بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے۔ محمد وقاص نذیر نے کہا کہ حادثات کی روک تھام اور انسانی زندگیوں کا تحفظ ٹریفک پولیس پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ رواں سال مہلک حادثات میں 32 فیصد نمایاں کمی آئی ہے تاہم حادثات میں مزید کمی کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ ذمہ دارانہ ڈرائیونگ سے حادثات میں کمی اور انسانی جانوں کا تحفظ ممکن ہے۔ شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 50

کے خلاف صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔ کسی کو مضر صحت اشیاء کی پیداوار یا فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈیری یونٹ کی سمپلنگ کا عمل صوبہ بھر میں جاری ہے۔ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 51

ترقی میں رکاوٹ ہے۔ بالکل اسی طرح اس ملنگ کا یہ چھوٹا سا اثاثہ اکھاڑ کر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں افضل پور تھانہ پولیس کی حدود میں منشیات فروشی، شراب نوشی انہیں کیوں نظر نہیں آتی ایس ایس پی خرم اقبال سے گزارش ہے کہ جناب جو جو تھانوں میں انچارج ہیں ان کے ٹیسٹ کرائیں۔ ایک 80 فیصد منشیات کے عادی ملیں گے۔ پھر علاقے سے اگر واقعی ناجائز قبضہ جات ختم کرنے ہیں تو صبح یا شام پل منڈا، جاتلاں بازاروں میں تھوڑی دیر کھڑے ہو جائیں پھر ٹریفک کا حال دیکھ لیں۔ صرف ایک ملنگ کی جھونپڑی کو آگ لگانے سے کچھ نہیں ہوگا۔ ظلم وزیادتی اور ناانصافی کو آگ لگانے کی ضرورت ہے۔ برسانی میں تین نوجوانوں کا قاتل مرکزی ملزم امتیاز تک گرفتار نہیں ہوا یتیم بچے آخر کس سے سوال کریں

بقیہ 52

جا رہے ہیں۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ صدر بیرونی، سول لائنز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا تھانہ صدر بیرونی، سول لائنز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد، سی پی او نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے

بقیہ 53

میں ملزم کے خلاف تھانہ سبزہ زار میں چوری کا مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزم کو ٹریس کر کے 48 گھنٹوں میں گرفتار کر لیا۔ ملزم ریاست کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔ ملزم ریاست سے شہری کے 2 کمپیوٹر، 2 ایل سی ڈیز اور قیمتی تار برآمد کر لی گئی۔ چوری شدہ سامان واپس ملنے پر شہری ذیشان نے سبزہ زار پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان نے سبزہ زار پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بروقت کارروائی ہماری ترجیح ہے۔

بقیہ 54

کنٹرول ہو گیا۔ تاہم ریسکیو 1122 شاہدرہ کے فائر بریگیڈ عملے نے مقامی افراد کے تعاون سے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ کو ملحقہ مکانات تک پھیلنے سے روک دیا، جس کے باعث مزید بڑے نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔ آتشزدگی کے بعد متاثرہ مقام پر کولنگ کا عمل بھی جاری رکھا گیا۔ واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم سید محمود شاہ کا چار منزلہ مکان بمعہ تمام سامان مکمل طور پر جل گیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے اور ڈپٹی کمشنر/چیئرمین ڈی ڈی ایم اے نیلم نے آتشزدگی کے واقعے پر متاثرہ خاندان سے اظہار افسوس کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو متاثرہ خاندان کی ہر ممکن معاونت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔//

بقیہ 55

مشکل کرنے، کاروباری شراکت داری کو فروغ دینے،تجارتی روابط کو آسان بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت وسرمایہ کاری کے شعبوں میں مزید تعاون کے مواقع پیدا کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی۔رپورٹ کے مطابق چین کے 77 ویں قومی دن کی تقریبات کے ساتھ ساتھ اس تقریب میں پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منائی گئی۔اس موقع پر ایک خصوصی پروگرام پیش کیا گیا جس میں دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی روابط کو اجاگر کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق تقریب میں لاہور میں قائم چینی قونصل خانے کے نمائندوں، کاروباری برادری کے اراکین، پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ، فاران، کامن ویلتھ اینڈ پاکستان ڈائسپورا ڈیپارٹمنٹ اور دیگر سرکاری اداروں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔رپورٹ کے مطابق پنجاب کے وزیر برائے خوراک بلال یاسین نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب میں ثقافتی پرفارمنسز بھی خصوصی توجہ کا مرکز رہیں، جنہوں نے پاکستان اور چین کے عوام کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کی عکاسی کی۔چینی فنکاروں نے کنگ فو، خطاطی، جادو کے فن اور ڈریگن ڈانس سمیت روایتی فنون پیش کیے، جبکہ پاکستانی فنکاروں نے صوفی رقص پیش کیا۔ پروگرام کی ایک اہم ہائی لائٹ دو زبانوں میں پیش کیا جانے والا ووکل آرٹ کا جشن تھا، جسے پاکستانی گلوکار یاسر رسیس، جو ڈانگ یاسر کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں، نے پیش کیا۔ اس پرفارمنس نے دونوں ممالک کی برادریوں کو قریب لانے میں موسیقی اور ثقافتی تبادلے کے کردار کو اجاگر کیا۔گوادر پرو کے مطابق تقریب کا اختتام چینی گیت کی مشترکہ پرفارمنس سے ہوا۔

Scanned with CamScanner

شہریوں کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ

سیکرٹری زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کا گوجرخان کا دورہ، یونین کونسلز، میونسپل کمیٹی اور صفائی انتظامات کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر کا ستھرا پنجاب کی ڈمپنگ سائٹ کا دورہ، صفائی کے عمل، ویسٹ مینجمنٹ اور کچرے کی تلفی کے انتظامات کا جائزہ لیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے ہمراہ گوجرخان کا اچانک دورہ کیا اور مختلف لوکل گورنمنٹ اداروں میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، سرکاری ریکارڈ اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور ڈپٹی کمشنر نے مختلف یونین کونسلز کا معائنہ کیا اور وہاں موجود سرکاری ریکارڈ کا جائزہ لینے کے ساتھ عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور شہریوں کے مسائل سے آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر ایک سیکرٹری یونین کونسل کی غیر حاضری پر اسے شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی گئی۔ بعد ازاں افسران نے میونسپل کمیٹی گوجرخان کے دفتر کا بھی دورہ کیا اور مختلف شعبوں کی کارکردگی، ریکارڈ اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی بلدیاتی سہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



محمد برقیات جہلم ویلی کے ریٹائر ہونے والے ایس ڈی او ریاض احمد عثمانی کو الوداع کیا جا رہا ہے

لانگ مارچ عارضی طور پر روکا ہے، جاوید قصوری

احتجاج اور دھرنے جاری رہیں گے، جماعت اسلامی پنجاب

عوام کو لوٹنے کا سلسلہ بند، وزیر اعظم کو لیوی کا یہ مسئلہ حل کرنا ہو گا

لاہور (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ لانگ مارچ عارضی طور پر روکا ہے، احتجاج اور دھرنے جاری رہیں گے، جماعت اسلامی نے 7 اگست کو 510 مقامات پر احتجاج کیا اور 16 اگست سے 42 شہروں میں دھرنے دے رہے ہیں، بڑے پیمانے کے نتیجے میں حکومت پر دباؤ بڑھا ہے کہ وہ مذاکرات کی ٹیبل پر آئے، ہمارے مطالبات وفد کے ساتھ پانچ اور اور ہوئے ہیں مگر حکومت کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے یہ مسئل نہیں ہو پا رہا، وزیر اعظم کو اس مسئلے کو حل کرنا پڑے گا، جماعت اسلامی اپنے لئے کچھ نہیں مانگ رہی۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکس اور پٹرولیم لیوی کا فوری خاتمہ کیا جائے، حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ پٹرول پر ٹیکسوں کا بوجھ عوام کی قوت خرید کو مسلسل متاثر کر رہا ہے، جس کے باعث مہنگائی میں اضافہ اور عام آدمی کے لیے روزمرہ زندگی مزید مشکل ہو گئی ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مقامی ایئر پورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر ایئر لائنز کیخلاف ایکشن سخت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی نے مقامی ایئر پورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر متعدد ایئر لائنز پر بھاری جرمانے عائد کر دیے۔ پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی نے سامان کی ترسیل میں تاخیر پر ایئر لائنز کے خلاف کارروائی کی ہے۔ یکم جولائی سے 15 اگست 2026 تک سامان کی ترسیل میں تاخیر کے 19 کیسز سامنے آئے۔ پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی کے مطابق سامان کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

محمد برقیات جہلم ویلی کے ریٹائر ہونے والے ایس ڈی او ریاض احمد عثمانی کو الوداع کیا جا رہا ہے



جمعیت علماء پاکستان وملی یکجہتی کونسل پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کی حیدرآباد نیسکو ہیڈ کوارٹر میں ترجمان نیسکو محمد صادق کبر سے ملاقات، تعلقات کے دوران بجلی کے امور، حالات حاضرہ و ملکی و بین الاقوامی صورتحال پر سیر حاصل گفتگو ہوئی، صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کے ہمراہ جے یو پی کے مرکزی ترجمان ڈاکٹر یونس دانش و دیگر بھی موجود تھے

جمعیت علماء پاکستان وملی یکجہتی کونسل پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے آج نیسکو ہیڈ کوارٹر پہنچ کر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سے ان کی بڑی بہن کے انتقال کر جانے پر اظہار افسوس اور تعزیت کی نیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) نیسکو ترجمان کے مطابق جمعیت علماء پاکستان وملی یکجہتی کونسل پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے آج نیسکو ہیڈ کوارٹر پہنچ کر چیف ایگزیکٹو آفیسر نیسکو فیض اللہ ڈاہری کی بڑی بہن کے انتقال کر جانے پر دلی اظہار افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا اس موقع پر جمعیت علماء پاکستان وملی یکجہتی کونسل پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے انکی مغفرت فرمائے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

نیلم خوفناک آتشزدگی شہری کا 4 منزلہ مکان معہ سامان راکھ کا ڈھیر بن گیا

محمود شاہ کے چار منزلہ لکڑی کے مکان کو آگ نے انتہائی تیزی سے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور مکان مکمل جل کر کوئلہ بن گیا

جائیں محفوظ، پیپیز مین ڈی ڈی ایم اے کا واقعے پر متاثرہ خاندان سے اظہار افسوس، متاثرہ خاندان کی ہر ممکن معاونت کی ہدایت

نیلم (پ ر و رپورٹ) یونین کونسل سرگن کے پہلے گاؤں میتاں والی سیری میں سالح پیپز مین زکوٹا اپر محمود شاہ کے چار منزلہ مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں مکان اور اس میں موجود تمام سامان مکمل طور پر جل کر راکھ ہو گیا، تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 یوٹ شاردہ کی فائر وہیکل، واٹر باؤزر، ریسکیو رز اور ایم ایم ایم فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہو گیا۔ سب انسپکٹر شاردہ سید کبیر شاہ، ناب سب انسپکٹر کیپٹل مارٹ ڈار، ایس ایچ او تھانہ شاردہ چوہدری اور مقرب پولیس نفری، پاکستان آرمی یوٹ شاردہ کے اہلکار اور مقامی رضا کار بھی موقع پر پہنچے گئے اور آگ پر قابو پانے کے لیے امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ چار منزلہ لکڑی کا مکان ہونے کے باعث آگ نے انتہائی تیزی سے پوری عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور مکان مکمل طور پر جل کر خا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)



مظفر آباد: اسسٹنٹ کمشنر حماد بشیر ڈی ایس پی ٹریفک اور ایس ایچ او تھانہ سٹی کے ہمراہ اڈے شہر سے باہر منتقل کر رہے ہیں

سبزہ زار پولیس کی کارروائی، سامان لے کر فرار ہونے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

لاہور (خصوصی رپورٹر) سبزہ زار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سامان لے کر فرار ہونے والے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم یاسمت رکشہ پر سامان لوڈ کروانے والے شہریوں کا سامان لے کر فرار ہو جاتا تھا۔ شہری ڈیتھ ان ایمرجنسی ریسکیو سروس 1122 کے الیکٹرانک سامان مقررہ مقام تک پہنچانے کے لیے رکشہ ڈرائیور کو دیا۔ ملزم سامان منزل تک پہنچانے کے بجائے رکشہ سمیت فرار ہو گیا۔ شہری کی مدعیت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ایس پی سیکورٹی کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

سول لائینز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس پی سیکیورٹی راجہ عامر علی اعجاز نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سیکورٹی اصغر علی گوراایہ نے کھلی کچہری کو جنتی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہتر بیں سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ایس پی سیکورٹی کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

سول لائینز، ویمن اور چکلالہ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس پی سیکیورٹی راجہ عامر علی اعجاز نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سیکورٹی اصغر علی گوراایہ نے کھلی کچہری کو جنتی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہتر بیں سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

حیدرآباد میں اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کی کھلی کچہری

پنشن اور تنخواہوں سے متعلق عوامی شکایات کے فوری ازالے کی یقین دہانی

حیدرآباد (خصوصی رپورٹر) اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ میاں داد راہو جونے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس حیدرآباد میں کھلی کچہری کی صدارت کرتے ہوئے پنشن، تنخواہوں اور اکاؤنٹس سے متعلق عوامی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سائل کے فوری ازالے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں حیدرآباد ڈویژن کے مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں پنشنرز، سرکاری ملازمین، نوٹیفائیڈ اساتذہ اور شہریوں نے شرکت کی اور آکیڈیز جنرل سندھ کے سامنے اپنے سائل براہ راست پیش کیے۔ اس موقع پر اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ نے کہا کہ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد عوام کو افسران تک براہ راست رسائی فراہم کرنا اور پنشن سمیت دیگر سرکاری معاملات میں انکشس کے کردار کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ انہوں نے ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنے کیسز براہ راست جمع کرائیں تاکہ شکایات کا شفاف اور بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنشر شکایات کا تعلق طریقہ کار میں تاخیر اور ملازمین میں معلومات کی کمی سے ہے۔ تمام سرکاری محکموں میں بلدیہ ہیلپ ڈیسک قائم کیے جائیں گے جبکہ محمد نعیم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



سری نگر، قابض بھارتی فوجی اہلکار نہتے کشمیریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران الرٹ کھڑا ہے

عوامی مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے، اتحاد فورم سد ھنوتی

پونچھ اور سد ھنوتی کے اضلاع میں فوری طور پر انتخابات کروائے جائیں، نمائندگان

پلندری (پ ر) عوامی اتحاد فورم سد ھنوتی کا اہم اجلاس پلندری ریسٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں سیاسی و مذہبی جماعتوں، سول سوسائٹی اور تاجران کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں پونچھ اور سد ھنوتی کی موجودہ صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ شرکاء نے عوامی مسائل کے فوری ازالے کے لیے مختلف تجاویز پیش کرتے ہوئے حکومت آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا کہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ پونچھ اور سد ھنوتی کے اضلاع کو دوبارہ سیاسی عمل کا حصہ بنانے کے لیے فوری طور پر انتخابات کروائے جائیں، خواتک کی ترسیل میں حائل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام گڑھ، ناجائز اسلحہ کیخلاف مہم، ملزم بابر پر مقدمہ درج

ملزم بابر علی سے اسلحہ ناجائز ایک پستول 30 بور ایک آہنی مکہ تین عدد خنجر برآمد

اسلام گڑھ (نامہ نگار) ایس ایس پی میر پور رفرم اقبال کی جانب سے جاری اسلحہ ناجائز کے خلاف مہم میں ایس ایچ او اتھاد پولیس اسلام گڑھ عمیر رشید ڈی ایس پی سیم اختر محمد شعیب کی کارروائی ملزم بابر علی ولد محمد شفیع قوم شمسی ساکن چک نمبر 01-ج ب روپرہ تحصیل وضلع فیصل آباد، مال طارق آباد ضلع میر پور سے اسلحہ ناجائز کے خلاف مہم میں ایس ایچ او اتھاد پولیس اسلام گڑھ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سری نگر، قابض بھارتی فوجی اہلکار نہتے کشمیریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران الرٹ کھڑا ہے

آئی جی اسلام آباد کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر سطح پر متواتر اقدامات کیے جائیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد محمد کامل چوہدری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد کامل چوہدری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات، فرض شناسی اور بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد جاری کیں۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ محنت، فرض شناسی اور پیشہ وارانہ ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دینے والے افسران محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بہترین کارکردگی کا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ٹریفک پولیس افسران و جوانوں کو شاباش، تعریفی اسناد و نقد انعامات سے نوازا

ٹریفک کو بلا رکاوٹ رواں دواں رکھنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ایس پی ٹریفک خان محمد مہمانی نے فرائض منصبی کو فنی سر انجام دینے پر ٹریفک پولیس افسران و جوانوں کو شاباش دی، تعریفی اسناد اور نقد انعامات سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد کامل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی بہتر پیر رہنمائی اور مدد کو یقینی بنا رہی ہے۔ اس سلسلے میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ٹریفک خان محمد مہمانی نے فرائض منصبی احسن انداز میں انجام دینے والے ٹریفک پولیس افسران و جوانوں کو شاباش دی اور انہیں تعریفی اسناد اور نقد ا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



پارلیمانی سیکرٹری پنجاب برائے اطلاعات وثقافت شازیہ رضوان سیرو تفریحی کا دورہ کر رہی ہیں

راجہ شاہد حسین محکمہ سیاحت و آثار قدیمہ میں بطور ڈائریکٹر جنرل تعینات

تبادلوں و تقرریوں میں نرمی، ایڈیشنل سیکرٹری کا تبادلہ تعیناتی، شاہد حسین، محکمہ ایجوکیشن داخلہ میں خدمات انجام دے چکے ہیں

DG سیاحت و آثار قدیمہ گریڈ 20 کے افسر شوکت علی کا تبادلہ، تاحکم ثانی محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے ساتھ منسلک

مظفر آباد (پ ر و رپورٹ) آزاد جموں وکشمیر کے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن سے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر (Gazette)D.XVII/2018/(40) No.S&GAD/A-1 کے مطابق تبادلوں و تقرریوں میں نرمی کرتے ہوئے سینئر موسٹ ایڈیشنل سیکرٹری (پی ایس-19) راجہ شاہد حسین کو محکمہ سیاحت و آثار قدیمہ میں بطور ڈائریکٹر جنرل تعینات کر دیا گیا ہے۔ نو تعینات ڈائریکٹر جنرل محکمہ سیاحت و آثار قدیمہ راجہ شاہد حسین قبل ازیں محکمہ بازار ایجوکیشن میں بطور ایڈیشنل سیکرٹری فرائض انجام دے رہے تھے۔ موسٹ سینئر ایڈیشنل سیکرٹری راجہ شاہد حسین ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ داخلہ سمیت دیگر اہم انتظامی عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ نیز محکمہ اطلاعات میں بطور سربراہ منسلک محکمہ بطریق احسن خدمات انجام دے چکے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیاحت و آثار قدیمہ گریڈ 20 کے افسر شوکت علی کا تبادلہ کر کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



دھیرکوٹ، ممبر قانون ساز اسمبلی زوبیہ خورشید راجہ حلقے کا دورہ کر رہی ہیں

راولپنڈی ٹو ڈاتھائی ٹرانسپورٹ 15 منٹ میں مضر صحت ڈیری کریم 13 من مکھن تلف

خیابان سرسید راولپنڈی میں موجود دو ڈیری یونٹس سے سیمپل لے کر لیب بھجوائے گئے جو بعد ازاں ملاوٹ پر فیل ہو گئے

ملاوٹ مافیا کیخلاف صوبہ بھر میں کارروائیاں، شہری شکایت کی صورت ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں، ڈی جی منصور احمد

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایات پر راولپنڈی میں ڈیری یونٹس کی سیمپلنگ کا عمل جاری۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایات پر راولپنڈی میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ خیابان سرسید راولپنڈی میں موجود دو ڈیری یونٹس سے سیمپل لے کر لیب بھجوائے گئے جو بعد ازاں ملاوٹ پر فیل ہو گئے جبکہ 15 من ڈیری کریم اور 13 من مکھن تحت کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی ہدایات پر راولپنڈی میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ خیابان سرسید راولپنڈی میں موجود دو ڈیری یونٹس سے سیمپل لے کر لیب بھجوائے گئے جو بعد ازاں ملاوٹ پر فیل ہو گئے جبکہ 15 من ڈیری کریم اور 13 من مکھن تحت کر دیا گیا۔ مزید کارروائی کرتے ہوئے ایک ڈیری یونٹس کو سیلوٹ کرنے پر جرمانہ اور اس کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملاوٹ مافیا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

فضل پور لکھا سنگھ موڑ پر ملنگ فقیر کی جونپڑی کو آگ لگا دی گئی

ناجائز قبضہ واگزار

کھوڑی شریف میں ملنگ کا چھوٹا سا اثاثہ اکھاڑ کر نہ جانے ضعلی انتظامیہ اور پولیس کیا ثابت کرنا چاہتی ہے، عوامی حلقے

فضل پور تھانہ پولیس کی حدود میں منشیات فروشی، شراب نوشی کیوں نظر نہیں آتی، رپورٹ میں تین نوجوانوں کا قاتل ملزم گرفتار نہیں ہو سکا

کھوڑی شریف (نمائندہ رپورٹر) جواب کون دے گا آگ کیوں لگائی، ضعلی انتظامیہ میر پور کی طرف سے اسسٹنٹ کمشنر میاں حسام صاحبہ نے ہمراہ نفری پولیس تھانہ بوجہ اس نے چند جھگڑے اور پھر لڑائیاں لگا کر بنائی تھی جو چوپڑی کو قصبے کا نام دے کر اسے آگ لگا دی گئی اور دونوں کی طرف سے لگائی پوسٹوں پر حکومت پنجاب کے اقدام دادا کے اسسٹنٹ کمشنر وحاں 2 کروڑی گاڑی پر پولیس کے ہمراہ ریڈ جیک کرتے ہوئے۔ اسی دوران اگرچہ مہذب مختصر عمل نے، ریڈی سوک کے قریب لگائی صوتاسے تو دیا جاتا ہے۔ کے تم قبضہ کردے مواد تھا ری یہ ریڑی پاکستان کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



سری نگر، قابض بھارتی فوجی اہلکار نہتے کشمیریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کھلنے جمع ہیں

عالمی عدالت انصاف کا مقبوضہ کشمیر پر غیر ملکی افواج کا قبضہ تنازعہ پر امن حل کرایا جائے، وزیر اعظم کو خط

اگر کشمیر عام برطانوی انتظام کے تحت رہتا تو یہ 1947 میں بھارت اور پاکستان کے ساتھ ہی قانوناً آزادی حاصل کر لیتا

کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور ایسا ساختی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے جو ایک خطرہ ہے، کارکن انسانی حقوق

نائگم (نامہ نگار) انسانی حقوق کے کارکن علی اصغر بلاوانی وزیر اعظم کو خط بھجوا دیا، وزیر اعظم میں آپ کو وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور برطانوی نوآبادیاتی دور کے جاری انسانی المیات سے جنم لینے والے ایک انتہائی سنگین اور جاری انسانی بحران یعنی غیر حل شدہ تنازعہ کشمیر کی طرف آپ کی توجہ فوری طور پر مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ کشمیری عوام کا المناک دکھ اور تکلیف 16 مارچ 1846 کو ہونے والے "معاہدہ امرتسر" سے شروع ہوئی، جس کے تحت برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی نے کشمیر کا علاقہ 3 ایک بار جہار اجہ گلاب سنگھ کے ہاتھوں فروخت کر دیا تھا۔ لیکن تب، اس سودے نے بے دفاع کشمیریوں کو آمریت کے تحت مظلوم، غلام کا نشانہ بنایا۔ اگر کشمیر کسی شاہی خاندان کے حوالے کیے جانے کے بجائے عام برطانوی انتظام کے تحت رہتا تو یہ 1947 میں بھارت اور پاکستان کے ساتھ ہی قانو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ڈی آئی جی کی زیر صدارت سول سوسائٹی اور معززین علاقہ کا اہم اجلاس

تاجر برادری نے شہریوں اور کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں

محفوظ کاروباری ماحول اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت تاجر برادری، سول سوسائٹی اور معززین علاقہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صدر اور انڈسٹریل زون کی تاجر برادری نے شہریوں اور کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں جبکہ ڈی آئی جی اسلام آباد نے تاجروں اور شہریوں کے تحفظ، محفوظ کاروباری ماحول اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم، سینئر ایڈیشنل سٹی مجسٹریٹ اسلام آباد، ایس پی آپریشنز اسلام آباد، صدر زون اور انڈسٹریل زون کی زیر صدارت تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور معززین علاقہ کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس پی صدر زون کاشف نقوی، متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، شہریوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



جہلم: وزیر مملکت بلال اظہر کیانی وزیر اعظم کی فیول ایڈوائزری کمیٹی نخلوبارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری خزانہ اپنا کی بے نظیر ہسپتال کے ڈاکٹرز کو سی پی آر کی ٹریننگ

نرسنگ سٹاف کو تربیت فراہم

ڈاکٹر لبنیٰ معراج نے پناہ سے رابطہ کر کے بے نظیر ہسپتال کے طبی عملے کے لیے سی پی آر کی ٹریننگ کی درخواست کی تھی

پناہ صحت کے شعبے سے وابستہ افراد کو آگاہی اور تربیت کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، ثناء اللہ گھمن

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پبلک پارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام بے نظیر ہسپتال راولپنڈی میں ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کے لیے سی پی آر (CPR) کی ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ بے نظیر ہسپتال کے میڈیکل یونٹ-II کی سربراہ، ڈاکٹر لبنیٰ معراج نے پناہ سے رابطہ کر کے ہسپتال کے طبی عملے کے لیے سی پی آر کی ٹریننگ کی درخواست کی تھی۔ جنرل سیکرٹری پناہ ثناء اللہ گھمن کی سرپرستی میں پناہ کی ٹیم نے ہسپتال کے ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کو سی پی آر کی تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر پناہ کے جنرل سیکرٹری ثناء اللہ گھمن نے سی پی آر کی تربیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پناہ گزشتہ 40 برس سے مختلف اداروں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو سی پی آر کی تربیت فراہم کر رہا ہے۔ اس تربیت کا بنیادی مقصد ہنگامی صورتحال میں فوری اور درست طبی امداد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

جنرل ہسپتال: پیڈیاٹرک ڈیپارٹمنٹ پیپرلیس، ریکارڈ ڈیجیٹل کرنے کا آغاز، جدید نظام فعال ایم ایس

لاہور (خصوصی رپورٹر) جنرل ہسپتال کی ورسنگ کو پیپرلیس بنانے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہم مرحلہ وار تمام شعبوں سے کاغذی کارروائی ختم کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں پیڈیاٹرک ڈیپارٹمنٹ کے تقاضوں کے مطابق ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے اس کی تکمیل کے بعد مریض بچوں کے تمام لیبارٹری ٹیسٹ، ادویات کا اندراج، کنسلٹیشن رپورٹس اور میڈیکل ہسٹری آن لائن پورٹل پر محفوظ کی جائیں گی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

جہلم: وزیر مملکت بلال اظہر کیانی وزیر اعظم کی فیول ایڈوائزری کمیٹی نخلوبارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مہلک حادثات میں ملوث 1800 ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ

سخت ٹریفک خلاف ورزیوں پر 1414 ڈرائیورز کے لائسنس معطل

رواں سال مہلک حادثات میں 32 فیصد کمی ہوئی، ڈی آئی جی ٹریفک

لاہور (خصوصی رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص ڈوگر کے احکامات پر حادثات میں ملوث اور سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں کے مرتکب ڈرائیورز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق رواں سال مہلک حادثات میں ملوث 1,800 ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ 200 سے زائد کار اور موٹر سائیکل ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس بھی منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پنجاب بھر میں 1330 ٹریفک حادثات میں 10 افراد جاں بحق، 1527 زخمی

لاہور (خصوصی رپورٹر) ایمرجنسی سروسز 1122 ایڈمنسٹریشن نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1330 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 680 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ڈویژنل ضلعی و تحصیل کے ہیڈکوارٹرز میں منتقل کیا گیا۔ 847 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہیڈکوارٹرز پر جو جگہ نہیں ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

عالمی عدالت انصاف کا مقبوضہ کشمیر پر غیر ملکی افواج کا قبضہ تنازعہ پر امن حل کرایا جائے، وزیر اعظم کو خط

اگر کشمیر عام برطانوی انتظام کے تحت رہتا تو یہ 1947 میں بھارت اور پاکستان کے ساتھ ہی قانوناً آزادی حاصل کر لیتا

کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور ایسا ساختی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے جو ایک خطرہ ہے، کارکن انسانی حقوق

نائگم (نامہ نگار) انسانی حقوق کے کارکن علی اصغر بلاوانی وزیر اعظم کو خط بھجوا دیا، وزیر اعظم میں آپ کو وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور برطانوی نوآبادیاتی دور کے جاری انسانی المیات سے جنم لینے والے ایک انتہائی سنگین اور جاری انسانی بحران یعنی غیر حل ش